SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
January 14, 2020

ایس ای سی پی نے خواجہ سراؤں کو کمپنی رجسٹریشن کی سہولت دے دی

اسلام آباد (جنوری 14) سیکورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کمپنی رجسٹریشن کی ای سروسز میں خواجہ سراؤں کی کیٹگری متعارف کرواتے ہوئے، خواجہ سراوں کو کمپنی رجسٹریشن کی سہولت فراہم کر دی ہے۔اب خواجہ سرا اپنی شناخت رکھتے ہوئے کمپنی رجسٹر کروا سکیں گے یا کسی بھی کمپنی میں ڈائریکٹر یا شئیر ہولڈر بن سکتے ہیں۔

ایس ای سی پی نے ای سروسز میں خواجہ سراؤں کے لئے ایک علیحدہ درجہ متعارف کروادیا ہے جس کے ذریعے وہ کمپنی کی رجسٹریشن کرواتے وقت اپنی شناخت بطور خواجہ سرا منتخب کر سکتے ہیں۔ یہ کیٹگری حال ہی میں پالیمنٹ سے منظور ہونے والے ٹرانسجینڈر پرسنز (پروٹیکشن آف رائٹس)ایکٹ 2018 کے تحت ٹرانسجینڈر کمیونٹی کو بنیادی حقوق دینے کے لئے کی کوششوں کا حصہ ہے۔یہ ایکٹ افراد کو تمام سرکاری اور شناختی دستاویزات جیسے کہ پاسپورٹ، تعلیمی سرٹیفکیٹس اور ڈرائیونگ لائسنس اور دیگر سرکاری دستاویزات پر اپنی شناخت ظاہر کرنے کی سہولت فراہم کرتا ہے۔

اس سہولت کے بعد کوئی بھی فرد ای سروسز میں دی گئی تین درجہ بندیوں میں سے اپنی شناخت یعنی مرد، خاتون یا خواجہ سرا منتخب کر سکتا ہے۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005